پھپھوندی کُش زہر
(صرف زرعی استعمال کے لئے)

# سلفر

80فیصد ڈبلیو جی

# Sulphur 80% WG

Registration No: (GENERIC) / DPP / 2021 (9915)






خطرہ زہر
قدرے خطرناک

MICROTHIOL®
DISPERSS®
TECHNOLOGY

**Ingredients:**
Sulphur.......... 80% W/W (800 gm / Kg)
Other............. 20% W/W (200 gm / Kg)

- بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں • حادثے کی صورت میں فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں • استعمال سے پہلے لیبل ضرور پڑھ لیں
- کوئی مخصوص تریاق نہیں • ڈاکٹر کے زیرنگرانی علامات کے مطابق علاج کرائیں

1 کلوگرام

انتباہ: یہ زہر ہے ! احتیاط سے استعمال کریں

Arysta LifeScience

# Sulphur 80% WG

# سلفر

80فیصد ڈبلیو جی

**سلفر** ایک پھپھوندی کُش زہر ہے۔جس کا اصل جُز گندھک ہے۔ یہ حل پذیر ہونے کی بنا پر پانی میں فوراً حل ہو کر یکساں محلول بناتا ہے۔ **سلفر** کے باریک ذرات پتوں پر چپک کر ہموار سطح قائم کر لیتے ہیں اور پودے کو بیماریوں سے محفوظ رکھتے ہیں۔پودوں پر چپکنے کی صلاحیت کی بنا پر بارش میں دھلنے سے محفوظ رہتا ہے۔ یہ سبزیوں، پھلوں اور زرعی فصلوں پر پاؤڈری ملڈیو اور دیگر پھپھوندی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کا تدارک کرتا ہے۔ **سلفر** کے استعمال سے پودوں کی بہتر نشو ونما ہوتی ہے۔ پتوں اور پھلوں کے رنگ و معیار میں اضافہ ہوتا ہے۔

## سفارشات برائے استعمال

| فصل | بیماری | مقدار |
|---|---|---|
| سیب | پاؤڈری ملڈیو | 600-500گرام فی 100لیٹر پانی |
| انگور<br>کھیرا<br>خربوزہ | | 600-500گرام فی ایکڑ |

نوٹ: اسپرے کے مکمل خشک ہونے تک کھیت میں ہرگز داخل نہ ہوں۔

**وقت استعمال:** فصل پر اسپرے حفظ ماتقدم یا بیماری کی علامت ظاہر ہوتے ہی شروع کر دیں اور بعد میں 10 دن کے وقفہ سے دوسرا اور تیسرا اسپرے کریں۔

**ترکیب استعمال:** **سلفر** کی سفارش کردہ مقدار کو پانی جس کی پی ایچ 7 تا 8 ہو، کی مطلوبہ مقدار میں ملا کر پودوں کے تمام حصوں پر اچھی طرح اسپرے کریں۔

**احتیاطی تدابیر:** زہر کو بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔ کھانے پینے کی اشیاء خوراک، خوراک کی دواؤں اور چارے سے دور رکھیں۔ زہر کو اصل پیکنگ میں بند، ٹھنڈی، خشک اور ہوادار جگہ میں اسٹور کریں۔ اسپرے کیلئے حفاظتی کپڑے (مثلاً ایپرن وغیرہ) اور دوسری اشیاء (عینک، دستانے، لونگ بوٹ) ضرور استعمال کریں۔اسپرے کو آنکھ، جلد یا کپڑوں پر نہ آنے دیں اور نہ سانس کے ذریعے اندر جانے دیں۔ اسپرے کے دوران کھانے پینے اور سگریٹ نوشی سے پرہیز کریں۔اسپرے کے بعد نہا لیں اور کپڑے دھو لیں۔ زہر کو آبپاشی کے ذرائع میں ضائع نہ ہونے دیں۔ زہر کے خالی پیکٹوں کو ہرگز گھریلو استعمال میں نہ لائیں۔انہیں توڑ کر آبپاشی اور پینے کے پانی کے ذرائع سے دور زمین میں دبا دیں۔ہوا کی مخالف سمت میں اسپرے نہ کریں۔ اسپرے کی فوار میں کام سے پرہیز کریں اور نہ ہی سانس کے ذریعے اندر جانے دیں۔ زہر پاشی کے وقت کپڑے اور جوتا آلودہ ہونے کی صورت میں تبدیل کر لیں اور صابن سے اچھی طرح دھو لیں۔

**ابتدائی طبی امداد:** اگر جسم کا کوئی حصہ زہر آلود ہو جائے تو متاثرہ کپڑے اتار دیں اور زہر آلودہ حصے کو صابن اور پانی سے اچھی طرح دھوئیں اگر دوا آنکھوں میں چلی جائے تو آنکھوں کو 15منٹ تک پانی سے اچھی طرح دھوئیں۔ اگر جلن برقرار رہے تو ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ دوائی نگلنے کی صورت میں متاثرہ شخص کو قے کروائیں۔ اگر مریض بے ہوش ہو تو کوئی مائع چیز نہ پلائیں۔ مریض کو تازہ ہوا میں رکھیں اور فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

**اسٹورج:** **سلفر** کو اصل سربمہر پیکنگ میں سورج کی روشنی، نمی اور آگ سے دور ٹھنڈی اور ہوادار جگہ پر اسٹور کریں، اسٹور کھانے پینے کی اشیاء سے علیحدہ بچوں اور جانوروں کی پہنچ سے دور ہو۔اس میں تالا لگا ہو اور درجہ حرارت 35 ڈگری سینٹی گریڈ سے نہ بڑھنے پائے۔ بتائے ہوئے طریقے کے مطابق دوا کو مقررہ معیاد تک اسٹور کیا جا سکتا ہے۔

**زہر خورانی کے علامات:** **سلفر** سے آنکھوں، ناک، گلے اور جلد پر ہلکی خراش کا احتمال ہے۔ **سلفر** شہد کی مکھی کیلئے بے ضرر ہے۔

**ماحول اور جنگلی حیاتیات:** آبی ذخائر مثلاً دریاؤں، نہروں اور راجباہوں کو زہر کی آلودگی سے بچائیں۔جنگلی حیاتیات و مچھلیوں کی جائے افزائش اور گھریلو استعمال کے پانی کو زہر آلودہ نہ کریں۔

**اشتراک:** **سلفر** کو الکلی کے آمیزے اور تانبے کے مرکبات کے علاوہ تمام کیڑے مار، جوں مار اور پھپھوندی کُش ادویات کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جا سکتا ہے البتہ مقامی حالات میں انکی طبعی آمیزش اور فصل پر اثرات و نتائج کا مشاہدہ کر لینا ضروری ہے۔

**گارنٹی:** چونکہ زہر کا استعمال ہمارے دائرہ اختیار سے باہر ہے لہذا اس کے معیاری ہونے اور لیبل پر درج شدہ مقدار کے علاوہ کسی اور قسم کی کوئی گارنٹی نہیں دی جا سکتی۔ دوا کو تیاری کے بعد 2 سال تک استعمال کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ وارنٹی میں دی گئی شرائط کو مدنظر رکھا جائے۔

**Warranty:** Seller warrants that the product conforms to its chemical description and is reasonably fit for the purposes and for the period stated on the label, when used in accordance with directions under normal conditions of use, and stored in cool, dark and dry place, Which is suitably equipped, ventilated and soundly constructed with proper roofing & metaled floor and adequately protected against exposure to direct sunlight and heat, rain water seepage, salinity and is in good state of maintenance with original sealed, undamaged containers. Storage to be avoided below 0C° and above 35C° But neither this warranty nor any other warranty of merchantability of fitness for a particular purpose, expressed or implied, extends to the use or storage of this product contrary to label instruction, or under abnormal conditions not reasonably foreseeable to seller, and buyer assumes the risk of any such use or defective storage.

**Storage Stability:** Product will remain stable till the date of expiry shown on the label subject to the conditions notified in the warranty.

Packed By:


Manufactured & Formulated By:

**M/s. UPL Europe Ltd.,**
Carexagri France Le Canet 8-Boulevard de Louisiane,
13014 MARSIELLE, France.

:- درآمد و تقسیم کنندگان :-

**اَریسٹا لائف سائنس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ**

تھرڈ فلور، بلڈنگ نمبر 5/A، پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، بلاک نمبر 6، شاہراہ فیصل کراچی 75350 پاکستان۔ فون 3-34522611 (92-21+)

Arystalifesciencepk www.upl-ltd.com/pk


